بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

کَشَجَرَۃٍ طَیِّبَۃٍ اَصۡلُھَا ثَابِتٌ وَّفَرۡعُھَا فِی السَّمَآءِ

شجرۂ طیبہ

سلسلۂ عالیہ

چشتیہ نظامیہ الجامعہ

بحکم وہدایت

شمس المشائخ خواجہ سید اسلام الدین نظامی بخاری مدظلہٗ عالی

(مرکزی سجادہ نشین درگاہِ خاص محبوبِ الٰہیؒ دھلی شریف)

صاحبِ شجرہ

امین المشائخ خواجہ محمد امین نظامی زیدمجدہٗ

خلفِ سجادہ نشین بدرگاہ خاص خواجہ نظام الدین اولیاءؒ۔ دھلی شریف

ترتیب و پیشکش	سجادہ امین المشائخ قاری طٰہٰ عامر نظامی محترمہ سمیرہ عثمان نظامی (رئیسِ تنظیم نظامیہ)

فہرست

محاسبۂ یومیہ

☆ آج پانچوں نمازیں بروقت ادا ہو گئیں؟

☆ آجکی اشراق، چاشت، اوابین، تہجد؟

۱۔ آج کے اسباقِ ذکر اور عملِ توبہ؟

۲۔ آجکی شجرہ خوانی کر لی؟

۳۔ آج مرشد سے روحانی رابطہ لیا؟

۴۔ آج صبح استغفار کم از کم 70 مرتبہ؟

۵۔ آج درود شریف کم از کم 80 مرتبہ؟

۶۔ آج سارا دن اور سوتے وقت باوضو؟

۷۔ آجکی تلاوت۔ کم از کم 66 آیات؟

۸۔ آجکی دعوتِ ذکر و مراقبہ۔ کتنے افراد؟

۹۔ آج کس کتاب کا روحانی مطالعہ کیا؟

۱۰۔ آجکی صاف خوراک و پوشاک؟

۱۱۔ آج روزگار کا حق اور حقوق العباد؟

۱۲۔ آج دفاعِ مرشد کا حق ادا کیا؟

۱۳۔ آجکی روحانی خدمتِ خلق؟

۱۴۔ آج سر پوش/ باحجاب رہے؟

☆آیت بیعت (برائے حضرات)

☆ان الّذین یبایعونک ۔۔۔۔ فسیؤتیه اجرا عظیما)(فتح آیت ۹۔۱۰)

مفہوم : یقیناً وہ لوگ جو آپ سے بیعت کرتے ہیں دراصل انکی بیعت اللہ سے ہے اللہ کا دستِ قدرت ہے انکے دست بدست ہاتھوں پر۔تو جس نے بھی اس بیعت کو توڑا تو اصل کا وبال خود اس کے وجود پر ہے۔اور جس نے اس اللہ سے کیا گیا یہ عہد وفا کیا تو پھر اللہ بھی جلد ہی اُسے عظمتیں اور اجر عطا کریگا۔

﴿برائے خواتین﴾......(سورۂ ممتحنه آیت۱۲)

☆یٰٓا ایّھا النّبیّ اذاجاءك المؤمنٰت یبایعنک ۔۔۔ ۔۔۔ولا یعصینک فی معروف فبا یعھنّ واستغفرلھنّ اللّٰهط انّ اللّٰه غفوررّحیم ة

مفہوم : اے خبر رسانِ غیب! جب آپ کی خدمت میں اہلِ ایمان خواتین حاضرِ بیعت ہوں تو اس شرط پر کہ اللہ کی ذات میں ذرا بھی شرک نہیں کریں گی ، نہ چوری کریں گی ، نہ حرام کریں گی ، نہ اولاد کو زندہ درگور کریں گی ، نہ بہتان تراشیں گی ایسا کہ ہاتھ پیروں کے درمیان خیانت نہ ہونے دینگی اور اُمورِ معرفت میں آپ کی نافرمانی نہیں کریں گی ،تو اب اُن کی بیعت لے لیں اور اللہ سے اُن کیلئے طلبِ مغفرت کریں یقیناً اللہ پردہ پوشی کے ساتھ رحمت فرماتا ہے۔

۞برائے تجدید بیعت/اجتماعی بیعت۞

☆وَعْدًا عَلَیْهِ حَقّ ۔۔۔۔بایعتم به وذلك هو الفوز العظیم(توبہ۔ 111)

یہ وہ عہد ہے جو اُس نے ان بیعت کرنے والوں کا حق بنا کر توریت ،انجیل اور قرآن میں شامل کردیا۔اور کون ہے جو اللہ سے زیادہ اِس عہد کو وفا کرنے والا ہو؟ تو خوشیاں مناؤ اِس بیعت کی جو تم نے اُس سے باندھ لی اور یہ ہے وہ کامیابی جو بڑی عظمتوں والی ہے۔

بسمہٖ تعالیٰ و نصلی و نسلم علیٰ رسولہٖ

﴿بیعت نامہ﴾

ھرگاہ کہ

طالبِ / مریدِ بیعت ______________ بعمر ________

بتاریخ ________ کو سلسلہ عالیہ چشتیہ نظامیہ الجامعہ میں ہمارے اسلاف مشائخ کے حسبِ روایت و رسومِ خانقاہی، تزکیہ نفس، فکرِ آخرت، تربیتِ اُمورِ شرعی، توبۂ ماضی، روحانی نصابِ ستہ، ثقافتِ نظامیہ، علمِ ترتیل، تعارفی درسِ نظامی اور حلقۂ ذکر مراقبہ کی نظری و عملی تربیت سے گذارنے کیلئے بطورِ ( ) کی روحانی ذمہ داری سونپی جاتی ہے، اور نسبت ________ عطاء کی جاتی ہے۔ اللہ قبول کرے۔ آمین

بہ شہادت ۱ ______________ ۲ ______________

دستخط مرید / طالب ______________

شمارِ بیعت ______________

توثیق ______________

شجرہ خوانی کی ضرورت اور اہمیت

"شجرۃ طیّبۃ اصلھا ثابت وّفرعھا فی السّمآء" (سورہ ابراھیم۔ ۲۴)

مفہوم:۔ "ایک ایسا پاکیزہ پودا جسکی اصل یعنی جڑیں مضبوط اور شاخیں آسمانوں میں پھیلی ہوئی ہیں۔" (مزید بحوالہ سورۂ نجم۔ سدرۃ المنتہٰی)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے شجرہ مبارک اور نسب نامے کیلئے اس کے ماہرین کو حالتِ قیام میں پڑھنے کا حکم دیا (بحوالہ حدیثِ نسّابون۔ صحیح بخاری) بایں ہمہ مندرجہ بالا آیات ہی اولیاء کرام کے سلسلوں میں شجرہ نویسی اور شجرہ خوانی کی بنیاد بنیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اپنے روحانی اور ظاہری سلسلہ نسب پر افتخار فرمانے کے عمل سے بھی جسکو تائید ملتی ہے۔ شجرہ خوانی کا عمل، دراصل مریدوں کے روزانہ رُوحانی معمولات، انکی روحانی کیفیات کی بالیدگی، انکے لیئے منازلِ سلوک کی ترقی کا پہلا زینہ، انکے لیئے بلا ناغہ رابطۂ مرشد کا ذریعہ، پھر رابطہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذریعہ اور پھر رابطۂ الٰہی کے ذریعے کو بصورت مناجات قائم رکھنے کا ایک انتہائی مؤثر وسیلہ ہے۔

شجرہ خوانی کی رسم کئی صدیوں کے مجرب عمل کے طور پر ہر سلسلۂ عالیہ میں اسی طرح جاری وساری ہے۔ شجرہ خوانی کرتے وقت اللہ تعالیٰ کے حضور میں حاضری اور یادِ الٰہی کی ایک کڑی سے دوسری کڑی، شجرے میں شامل بزرگانِ سلسلہ کے وسیلے سے ملتی چلی جاتی ہے۔ اسی لیئے شجرہ خوانی کو بعض دفعہ سلسلہ خوانی (بمعنی زنجیر) کی اصطلاح بھی حاصل ہوتی ہے۔ اس طرح کہ اُن برگزیدہ ارواح کی آمین ہمارے شامل حال ودعا ہو جاتی ہے۔

ھدایت: جنہیں منظوم شجرہ پڑھنے کی مہلت نہ ہو وہ ایک بار سورہ اخلاص و فاتحہ اور درود کے بعد یہ شجرہ روزانہ صبح پڑھیں

1-الٰہی بروح پاک سیدنا محمد الرسول اللہ ﷺ
2-الٰہی بروح پاک سیدنا مولا علی ابن ابی طالب ؓ
3-الٰہی بروح پاک امام حسن بصری ؒ
4-الٰہی بروح پاک خواجہ عبدواحد ابن زید ؒ
5-الٰہی بروح پاک محمد فضیل ابن عیاض ؒ
6-الٰہی بروح پاک سلطان ابراہیم ادھم بلخی ؒ
7-الٰہی بروح پاک خواجہ حذیفہ المرعشی ؒ
8-الٰہی بروح پاک امین الدین ھبیرۃ ؒ
9-الٰہی بروح پاک خواجہ ممشاد دینوری ؒ
10-الٰہی بروح پاک خواجہ ابواسحاق شامی چشتی ؒ
11-الٰہی بروح پاک خواجہ ابواحمد ابدال چشتی ؒ
12-الٰہی بروح پاک خواجہ ابومحمد چشتی ؒ
13-الٰہی بروح پاک خواجہ ابویوسف چشتی ؒ
14-الٰہی بروح پاک خواجہ مودود چشتی ؒ
15-الٰہی بروح پاک حاجی شریف زندنی چشتی ؒ
16-الٰہی بروح پاک خواجہ عثمان ہارونی چشتی ؒ
17-الٰہی بروح پاک خواجہ معین الدین چشتی ؒ
18-الٰہی بروح پاک خواجہ قطب کعکی چشتی ؒ
19-الٰہی بروح پاک بابا فرید گنجِ شکر چشتی ؒ

20-الٰہی بروح پاک **سلطان المشائخ**
محبوبِ الٰہی خواجہ نظام الدین اولیاء سلطانجی ؒ

21-الٰہی بروح پاک نصیر الدین چراغ دہلی ؒ
22-الٰہی بروح پاک کمال الدین علامہ چشتی ؒ
23-الٰہی بروح پاک شیخ سراج الدین چشتی ؒ
24-الٰہی بروح پاک حضرت علم الدین چشتی ؒ
25-الٰہی بروح پاک شیخ محمود راجن چشتی ؒ
26-الٰہی بروح پاک جمال الدین جمن چشتی ؒ

27- الٰہی بروح پاک حضرت شیخ حسن محمدؒ

28- الٰہی بروح پاک حضرت شیخ محمد چشتیؒ

29- الٰہی بروح پاک قطبِ مدینہ یحییٰ مدنیؒ

30- الٰہی بروح پاک شیخ کلیم اللہ ولیؒ

31- الٰہی بروح پاک شاہ نظام الدین اورنگیؒ

32- الٰہی بروح پاک شاہ فخر الدین محمد دہلویؒ

33- الٰہی بروح پاک حاجی لعل محمد نظامی فخریؒ

34- الٰہی بروح پاک شاہ نظام الدین ثانیؒ

35- الٰہی بروح پاک خواجہ علیم الدین نظامیؒ

36- الٰہی بروح پاک خواجہ سمیع الدین نظامیؒ

37- الٰہی بطفیل **خواجہ سیّد اسلام الدین نظامی بخاری** مدظلہٗ عالی

38- الٰہی بدستِ دعائے **امین المشائخ خواجہ محمد امین نظامی**

﴿تائیدِ غیبی بوقت ناگہانی شامل حال فرما نیز عشق وتقویٰ، خدمت وعمل عطاء فرما آمین!﴾

مرید ہونے کے بعد

تربیتی درجاتِ نظامیہ

☆ اہل تبرک: دَم کرنے کی تربیت لینا۔

☆ اہلِ امانت: نسخہ جاتِ امین المشائخ جمع کرنا

☆ مجازِ حلقہ: اسباقِ ذکر ومراقبہ کی تربیت لینا۔

☆ نائب امیر حلقہ: انتظامی تربیت لینا۔

☆ امیر حلقہ: حلقہ جات کی مسندی تربیت لینا۔

☆ امین سلسلہ: روحانی مطالعات مکمل کرنا۔

☆ نامزد امین سلسلہ: خلافت کی تربیت لینا۔

☆ خواتین مجازِ سلسلہ: خواتین کا تزکیہ وتربیت

☆ خلفائے صغیر: روحانی خدمتِ خلق سکھانا۔

☆ خلفائے مجاز: شرائطِ ستہ کی تعمیل کرانا۔

☆ نائب مرشد: 101 فرائضِ نیابت۔

☆ سجادۂ مرشد: 101 مرشدانہ فرائض۔

سلسلہ عالیہ چشتیہ نظامیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مناجاتی شجرہ

شجرة طیّبة اصلها ثابت وفرعها فی السّماء

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی بِاَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْہِ

یا الٰہی ہر جگہ تیری عطا کا ساتھ ہو
میرے آقا صلی اللہ علیہ وسلم میرے ملجاءؐ مصطفٰےؐ کا ساتھ ہو

....

جب پڑے مشکل تو آئے تیری رحمت تھامنے
سیّدی ، مولا علیؓ ، شیرِ خدا کا ساتھ ہو

....

جن کے حصے میں عطا کی تو نے آغوش ِ علیؓ
خواجۂ کل شاہ حسن بصریؒ پیا کا ساتھ ہو

....

یا الٰہی از طفیل عبدِ واحد ابنِ زیدؒ
اَحدیّت کے سبق میں اتقیاء کا ساتھ ہو

....

یا الٰہی ، از پئے خواجہ فضیل ابن عیاضؒ
ہر مرض میں مجھ کو قرآنی شفاء کا ساتھ ہو

....

یا الٰہی ،صدقۂ سلطان ابراہیم ادھمؒ
بھر دے جھولی پھر ترے جود و سخا کا ساتھ ہو
....

ازلبِ خواجہ سدید الدیں حذیفہ مرعشیؒ
جرأتِ قولاًسدیداً بے خطا کا ساتھ ہو
....

از اماناتِ امین الدیںؒ ھُبیرہ اے خدا
خاص روحانی امانت اور ھبہ کا ساتھ ہو
....

از علوئے خواجہ ممشادؒ دِینوری ، مجھے
طبقہء عُلیا دکھا،اور مرحبا کا ساتھ ہو
....

یا الٰہی شیخ ابو اسحاق شامیؒ کے طفیل
اجتھادی قلب اور ، ذہن رساء کا ساتھ ہو
....

یا الٰہی ، خواجہ ابدال چشتیؒ کی نگاہ
جب پڑے تو مجھ پر تو ردّ ِ ماسواء کا ساتھ ہو
....

ناصح الدیں بُو محمدؒ کی نصیحت ہو عطا
ہر قدم سر چشمۂ رُشد و ہدیٰ کا ساتھ ہو
....

نصرتِ شہ ناصرالدینِ ابو یوسف ؒ ملے
دین کی نصرت میں جذبِ بے ریا کا ساتھ ہو

....

خاکپائے خواجۂ مودودِ حق چشتی ؒ بنوں
ہر مودّت ، ہر حقیقت ، ہر حیاء کا ساتھ ہو

....

سایۂ حاجی شریفِ زندنی چشتی ؒ رہے
حج کا حاصل ہو شرف۔ اُس مقتداء کا ساتھ ہو

....

خواجۂ عثمان ہارونی ؒ کے زیرِ سلسلہ
طالب صادق بنوں ۔صبرو۔وفا کا ساتھ ہو

....

اے خدا خواجہ معین الدین چشتی ؒ کے طفیل
عالم غربت میں چشتی اولیاءؒ کا ساتھ

....

حضرت خواجہ قطب کاکی ؒ شہیدِ حُبِّ رب
بعدِ رحلت پیکرِ عشق و فناء کا ساتھ ہو

....

جدّنا بابا فریدالدینؒ ۔ لقب گنجِ شکر
'حق فریدا' کی سدا شیریں صدا کا ساتھ ہو

....

میرے محبوبِ الٰہیؒ سیدی سلطانجیؒ
حشر میں بابا نظام الاولیاءؒ کا ساتھ ہو
....

شاہ نصیرالدینؒ چراغ دہلوی کے فیض سے
پیشِ ہر ظلمت چراغِ چشتیہ کا ساتھ ہو
....

خواجہ علامہ کمال الدیں نظامی دہلویؒ
بحرِ علم و معرفت میں ناخدا کا ساتھ ہو
....

شہ سراج الدین چشتیؒ کی ضیائے قلب سے
دل منور کر سراج الاصفیاء کا ساتھ ہو
....

خواجہ علم الحق نظامیؒ کے علومِ خاص سے
کچھ تبرک چاہیے تا خضرُنا کا ساتھ ہو
....

خواجۂ محمود راجنؒ کی رعایا میں رہوں
آخرت میں تاکہ محمودُالثّناء کا ساتھ ہو
....

یا الٰہی شاہ جمال الدین جمنؒ کے طفیل
عیدِ دیدارِ جمالِ کبریا کا ساتھ ہو
....

صدقہء حسن محمد ۔ شاہ حسن رح سے جب ملے
خواب میں روزانہ حسنِ مجتبیٰ رض کا ساتھ ہو

....

بس قدمبوسِ محمد احمد آبادی رح رہوں
عمر بھر تاکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نقشِ پا کا ساتھ ہو

....

جانثار خواجۂ قطب المدینہ رح ہو سکوں
رسمِ احیائے علومِ انبیاء کا ساتھ ہو

....

ربِ موسیٰ ۔ ازپئے خواجہ کلیم اللہ ولی رح
پیشِ فرعونے ۔ کرامات و عصا کا ساتھ ہو

....

کر گیا رنگیں نظام الدین اورنگی رح کا رنگ
صبغتہ اللہ کی جھلک ، نورِ خدا کا ساتھ ہو

....

خواجہ ومولانا فخرالدین چشتی دہلوی رح
نسبتِ فخری سے فخرالاولیاء کا ساتھ ہو

....

خواجۂ لعلِ محمد شاہ رح نظامی کے طفیل
آں لبِ لعلِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کا ساتھ ہو

....

حضرتِ سیّد محمدؒ کے طفیل اے ربّنا
نسبتِ سادات کی شرم و حیاء کا ساتھ ہو

....

حلقہء خواجہ نظام الدیں نظامیؒ میں رہوں
باغِ جنت کے گل و خوشبو ، فضا کا ساتھ ہو

....

از پئے حافظ علیم الدیں نظامیؒ ۔ یاعلیم
حفظ قرآں کی سعادت اور ضیاء کا ساتھ ہو

....

دور رکھ مجھکو ریاء و سمعہ کے امراض سے
شاہ سمیع الدین ؒ کے حسنِ ادا کا ساتھ ہو

....

بیعتِ شمس المشائخ خواجہٗ اسلام میں
ہر جگہ پیر طریقت راہ نما کا ساتھ ہو

....

خادمِ دہلی نشانِ سیّدی سُلطانجی
خلفِ سجادہ کی پُر شفقت دعاء کا ساتھ ہو

....

مُرشدی آقا امین الحق امینِ سلسلہ
ہر دعاء میں جنکی ''آمیں ربّنا'' کا ساتھ ہو

....

منزلیں طے کر کے پہنچوں منزلِ مقصود تک
دم بدم میرے نظامی اولیاءؒ کا ساتھ ہو

....

پردہ پوشی میرے عیبوں کی سدا ہوتی رہے
سر پہ میرے پیارے آقا ﷺ مرشدی کا ہاتھ ہو

....

یا الٰہی گرمیٔ محشر سے جب بھڑکیں بدن
دامنِ محبوب ﷺ کی ٹھنڈی ہوا کا ساتھ ہو

....

نائبینِ امین المشائخ

☆محترم سید شباب عالم نظامی	☆محترم طٰہٰ عامر نظامی
☆محترم فضل ہاشمی نظامی	☆محترم شیخ نفیس القادری نظامی
☆محترم سید محمود احمد قادری نظامی	☆محترم عثمان احمد نظامی
☆محترم حافظ عدنان نظامی	☆محترم سید ذیشان صالحین نظامی
☆محترم پروفیسر حافظ شفیق نظامی	☆محترم خاور جبار رندیو نظامی
☆محترم حافظ فیضان نظامی	☆محترم عبدالجبار نقشبندی نظامی

THE HOLY SERIES OF NIZAMI SAINTS

REF:- HAZRAT AMINUL-ISLAM MAKHDUM, AMIN-UL-MASHAIKH HAFIZ KHWAJA MUHAMMAD AMIN NIZAMI

Oh! Allah, for the spiritual sake of

1.THE HOLY PROPHET HAZRAT

MUHAMMAD (S.A.W)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

2.HAZRAT MAULA ALI (R.AA)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

3. HAZRAT KHWAJA HASAN BASRI (R.AA)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

4. HAZRAT KHWAJA ABD-E-WAHID (R.AA)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

5. HAZRAT KHWAJA IBN AYAZ (R.AA)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

6.SULTAN IBRAHIM ADHAM BALKHI(R.AA)

Oh! Allah, for the spiritual sake of HAZRAT

7. KHWAJA HUZAIFA MER'ASHI (R.AA)

Oh! Allah, for the spiritual sake of HAZRAT

8. KHWAJA HUBAIRA BASRI (R.AA)

Oh! Allah, for the spiritual sake of HAZRAT

9. KHWAJA ULOOV-e-DINOORI (R.AA)

Oh! Allah, for the spiritual sake of HAZRAT

10. KHWAJA ABU ISHAQ SHAMI(R.AA)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

11.HAZRAT KHWAJA ABDAL CHISHTI (R.AA)

Oh! Allah, for the spiritual sake of HAZRAT

12. KHWAJA BU MUHAMMAD (R.AA)

Oh! Allah, for the spiritual sake of HAZRAT

13. KHWAJA ABU YOUSUF CHISHTI (R.AA)

Oh! Allah for the spiritual sake of HAZRAT

14. KHWAJA MAUDUD CHISHTI (R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of HAZRAT

15. HAJI SHARIF ZANDANI CHISHTI (R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

16. HAZRAT KHWAJA USMAN HIRVANI (R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of HAZRAT

17. KHWAJA MOIN-UD-DIN CHISHTI (R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of HAZRAT

18. KHWAJA QUTUB BAKHTIYAR KAKI (R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

19. BABA FAREED GANJ-e-SHAKAR (R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of HAZRAT

20. KHWAJA NIZAM UD DIN
    AULIA, MEHBOOB-E-ILAHI (R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

21. SHAH NASEERUDDIN CHIRAGH (R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

22. KHWAJA KAMAL UD DIN ALLAMA (R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

23. SHAH SIRAJ UDDIN CHISHTI (R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

24. HAZRAT ILM UL HAQ NIZAMI (R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

25. KHWAJA MEHMOOD RAJAN CHISHTI (R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

26. SHAH JAMAL UDDIN JAMAN (R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

27.SHEIKH HASAN MUHAMMAD CHISHTI(R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

28.KHWAJA MUHAMMAD AHMED ABADI (R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

29.QUTUB-e-MADINA YAHYA MADANI (R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

30. SHEIKH KALEEM ULLAH WALI (R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

31. HAZRAT NIZAM UDDIN AURANGI (R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

32. KHWAJA FAKHRUDDIN NIZAMI (R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

33. HAJI LAL MUHAMMAD FAKHRI (R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

34. KHWAJA NIZAM UDDIN SAANI (R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

35. KHWAJA ALEEM UD DIN NIZAMI (R.A)

Oh! Allah, for the spiritual sake of

36. KHWAJA SAMI UD DIN NIZAMI (R.A)

Oh! Allah, through sacred source of

My Grand Murshid

37. SYED ISLAM UD DIN NIZAMI

Oh! Allah, for the spiritual eyes of

My Loving Murshid

38. KHWAJA MUHAMMAD AMIN NIZAMI

Grant me Piety ,Love and The Help (Amen)

سلسلۂ عالیہ چشتیہ نظامیہ

دھلی شریف

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

شجرۃ طیبۃ اصلہا ثابت وفرعہا فی السمآء

فارسی منظوم شجرہ

برائے صاحبینِ مسند

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی بِاَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْہِ

الٰہی غرق دریائے گناہم مغفرت خواہم
توسل پیشِ تو آوردہ ام باشجرۂ پیراں
امین و خواجۂ اسلام وحافظ شاہ سمیع الدیں
الٰہی جاری وساری بفرما فیض ایشاں را
علیم الدیں ، نظام اورنگ و شہ لعلِ محمد را
بہ فخرالدیں ،نظام الدین حضرۃ شہ کلیم اللہ
بہ عشقِ خواجۂ یحیٰ ، محمد احمد آبادی
بہ حسنِ شاہ حسن از حُسنِ سیرت مرحمت فرما
بہ رُوئے شاہ جمال الدین جمن احمد آبادی
بہ علم الحق سراج الدیں دریں دل روشنی فرما
بہ تکمیلِ کمال الدیں ، چراغِ شاہ نصیر الدیں
بدہ درایں کفِ سائل چراغِ رُشد اے مولا
بروحِ پاکِ محبوبِ الٰہی شاہ نظام الدیں
بہ سُلطان المشائخ منزلِ عشقت عطاء فرما
توسل پیشِ تو آور دہ ام خوبانِ پاکاں را

بہ تفریدِ فرید الدین آں شہبازِ قدسی را
شہید الحبّ رب شہ قطبِ کعکی نائبِ خواجہ
بہ قلبِ خواجۂ کُل چشتیاں خواجہ معین الدیں
سفیرِ طیبہ و سلطانِ ہند ایں دل بکُن شیشہ
بہ عُثمانِ ہرونی و شریفِ زندنی یا رب
بہ مُودُودُ۔و۔ابو یوسف۔توئی امیدِ بے چارہ
الٰہی غرقِ دریائے گناہم مغفرت خواہم
توسل پیشِ تو آوردہ ام پاکانِ خاصاں را
بہ خواجہ بو محمد ، خواجۂ ابدال و شامی را
بہ دِینوری ، ہُبیرہ وحذیفہ و اَدْہم ۔ عشقا
فضیل و عبدِ واحد بصری و خواجہ حسن بصری
امام المشرق ومغرب اسد اللہ علی مولاؑ۔
بہ نورِ اقدسِ جانانِ ما یعنی رسول اللہ ﷺ
مَرا یا رب محبت معرفت رحمت عطاً فرما
تصدق پیشِ تو آوردہ ام آںؐ رشکِ شاہاں را

ذکرومراقبہ کا طریقہ

ذکر جہر کا مناسب وقت تہجد ہی ہے لیکن آبادیوں کے وَسط میں دوسروں کی نیند میں خَلل سے بچنے کیلئے پَست آواز میں کرنا چاہیئے ورنہ جہاں یہ اندیشہ نہ ہو وہاں پوری آواز سے ذکرِ جہر کے حقیقی فوائداوراثرات جلدمُرتّب ہوتے ہیں۔

البتہ حلقہ کی صورت میں مناسب اوقات میں مضائقہ نہیں۔

ذکر بالجہر کی درج ذیل ترتیب میں بھی رموز ہیں اور اس کے مخصوص طریقے اورضَربات واشارات ہیں اس لیئے ان کو ذاتی طور پر عملی تربیت کے بغیرنہیں کرنا چاہیئے :۔

☆لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ. (دوبار) لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهَ ۲۰۰ بار

☆اِلَّا اللّٰهُ . (دوبار) اِلَّا اللّٰهَ ۴۰۰ بار

☆اَللّٰهُ اَللّٰه ۴۰۰ بار

☆اَللّٰه ۲۰۰ بار

☆یَا حَقُ یَاحَقُ ۱۰۰ بار

بعدہٗ تادیر مراقبہ کریں اور پھر دُرود شریف پڑھ کر دعا کریں۔

☆**ذکر خفی**: یہی ذکر آتی سانس جاتی سانس، زبان تالو پر، آنکھیں اور منہ بند کر کے دل کی طرف توجہ کر کے بے آواز جاری کریں۔

نوٹ: مرشدِ گرامی سے 6,666 قسم کے ذکر سیکھیئے اور سکھائیے۔

ختم شریف چشتیہ (برائے حاجات)

تمام اھلِ خانہ کو دائرے میں بٹھا کر (برائے حاجات)

فاتحہ مشائخ چشتیہ کرکے ختم شریف ایسے شروع کریں

درودِ چشتیہ (اوّل وآخر)	11	سورۂ الم نشرح	360
سورۂ فاتحہ	1	(یا) خواجہ معین الدین چشتی	360
سورۂ اخلاص	11	(یا) خواجہ قطب الدین چشتی	360
لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه	اوّل	(یا) خواجہ فرید الدین چشتی	360
الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ لَا مَلْجَآءَ	وآخر	(یا) خواجہ نظام الدین چشتی	360
وَلَا مَنْجَآءَ مِنْهُ اِلَا اِلَیْهِ	360	(یا) خواجہ نصیر الدین چشتی	360

پڑھ کر مشائخِ چشتیہ کی نیاز دلائیں (گھر کے پکے ہوئے کھانے پر) کم از کم تین مساکین کو صدقہ کرکے شجرہ شریف پڑھ کر دعا مانگیں۔

درودِ چشتیہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی بِاَنْ تُصَلِّیْ عَلَیْهِ

پریشان کن اور مشکل حالات کی آسانی کیلئے

☆ درود شریف ۔ 41 بار ☆ اسماء الحسنٰی ۔ ایکبار ☆ سورۃ الفاتحہ 21 بار ۔

☆ سورۃ تکاثر مع بِسمِ اللّٰہ ۔ 11 بار ☆ سورۃ اخلاص 100 بار ☆ سورۃ توبہ

آخری ۲ آیات ۔ 7 بار ☆ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ ۔ 100 بار

☆ یَا کَافِیُ الْمُهِمَّات ۔ 100 بار ☆ یَا حَلَّ الْمُشْکِلات ۔ 100 بار

☆ یَا رَافِعُ الدَّرَجَات ۔ 100 بار ☆ یَا دَافِعُ الْبَلِیَّاتِ ۔ 100 بار

☆ یَا مُجِیبُ الدَّعْوَاتِ ۔ 100 بار ☆ یَا شَافِیُ الْاَمْرَاض ۔ 100 بار

☆ یَا مُفَتِّحُ الْاَبْوَابِ ۔ 100 بار ☆ یَا مُسَبِّبُ الْاَسْبَاب ۔ 100 بار

☆ یَا مُنَزِّلُ الْبَرَکَات ۔ 100 بار ☆ یَا غِیَاثُ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ ۔ 100 بار

☆ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔ 100 بار ☆ درود شریف ۔ 41 بار

☆ لا الٰہ الا اللّٰہ ۔ 100 بار ☆ الا اللّٰہ ۔ 200 بار ☆ اللّٰہ اللّٰہ ۔ 200 بار

☆ اللّٰہ ۔ 100 بار پڑھ کر مراقبہ کریں، پانچ ۵ منٹ بعد دعا مانگیں ۔

نظام الاوقاتِ ستّہ

نظام الاوقات سمجھنے کیلئے حلقہ جات میں شرکت اور نائبین مرشد سے تربیت ضروری ہے

روزانہ معمولات

☆ نوافل و فرائض نمازیں بروقت ادا کرنا۔ (5+5 وقت)

نمازِ فجر: اگر وقت پر ادا نہ ہو سکے تو اُٹھتے ہی 2 رکعت قضاء پڑھ لیں۔

نمازِ ظہر: دفتری اوقات میں مقررہ وقفہ کے دوران مختصراً پڑھیں۔

نمازِ عصر: دفتر سے واپسی پر مسجد میں ادا کریں۔

نمازِ مغرب: باجماعت نماز رہ گئی ہو تو کام سے واپسی پر گھر میں ادا کریں تاکہ اہلِ خانہ کو تاخیر کی تشویش لاحق نہ ہو۔

نمازِ عشاء: کم از کم 4 فرض، 2 سنت، 3 وتر اور 2 نفل ضرور ادا کرلیں۔

نوٹ: کوشش کیجئے تمام نمازیں باجماعت اور بروقت ادا ہوں۔

اشراق: ناشتے کے بعد 2 رکعت، سورۂ فلق + والناس کے ساتھ ادا کرلیں۔

چاشت: صبح، جب اور جہاں موقع ملے، 2 رکعت (سورۂ والضحیٰ + سورۂ اخلاص)

اوابین: آخری 2 نفل مغرب اور سجدے میں جاکر 3 بار یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ ثَبِّتْنِیْ عَلَی الْاِیْمَان (اے حیّ قیّوم مجھے ایمان پر قائم رکھ)

تہجد: چھٹ جانے کا اندیشہ ہو تو احتیاطاً عشاء کی آخری 2 نفل قبلِ وتر ادا کرلیں

صلوٰۃ التسبیح: 4 رکعت قبلِ جمعہ سکھائے ہوئے طریقے سے ادا کریں

☆ ذکر و مراقبہ اجتماعی یا انفرادی انجام دینا۔ (مقررہ وقت پر کم از کم 6 منٹ)

☆ رابطہ مرشد اور شجرہ خوانی۔ (بعدِ عشاء تا قبلِ فجر کسی بھی وقت)

☆ درود (80 مرتبہ)، استغفار کم از کم 70 بار

☆ وظائف حسبِ اجازت، تلاوت (جتنا قرآن یاد ہو)۔

☆ روحانی مطالعہ و محاسبہ (حسبِ ہدایت بعد عشاء)

ہفت وار معمولات

☆ دعوت ذکر و مراقبہ (10 افراد) ☆ تربیتِ سلوک (10 مریدین)

☆ خدمتِ خلق (6 سائلین) ☆ حلقۂ مراقبہ (قریبِ رہائش/حسبِ سہولت)

☆ ہفتہ وار صحت و صفائی کا جائزہ اور تعمیلِ سنت

ماھانہ معمولات

☆ نصابِ ترتیل (حسبِ درجہ) ☆ ایک مسندِ حلقہ و دارالشفاء کی معاونت

☆ بیاض مراقبہ، مکاشفہ، محاسبہ، شفاء، تحقیق اور مسائل (ہر اسلامی ماہ کا پہلا پیر)

☆ باوضو اوقات (40 گھنٹے فی مہینہ) ☆ اصلاح نفس کیلئے مرشدانہ رابطہ۔

40 روزہ معمولات

☆داخل سلسلہ (کم از کم 6 افراد)☆تربیت یافتگان بخدمت مرشد
☆آداب سلسلہ اور دفاع مرشد کیلئے 3 بار موقع تلاس کرنا☆متروکاتِ ستہ۔
☆6مریدین کے مشاہدات اور کیفیات پر توجہ کرنا۔

ششماہی معمولات

☆ابتدائی 6 روحانی ذمہ داریاں عبور کرنا۔☆نصابِ ناظرہ مکمل کرنا اور کرانا۔
☆بین السلاسل خدمات انجام دینا۔☆17 عدد نسخہ جاتِ امین المشائخ۔

سالانہ معمولات

☆نصابِ حفظ مکمل کرنا☆سالانہ جائزہ جمع کرانا☆خدمتِ دین میں نصرت۔

☆سالانہ ملفوظات نمائی میں حصہ لینا☆عرسِ محبوب میں حصۂ خدمت ادا کرنا۔

☆تمام سالانہ معمولات دین وثقافت میں شرکت کرنا۔(رمضان وغیرہ)

مرشدانہ تاکیدِ مطالعہ

☆فوائد الفواد☆ہشت بہشت☆عوارف المعارف☆اللہ کے سفیر

☆مکتوباتِ صدی☆مکتوباتِ دوصدی☆کشف المحجوب

☆تفسیرِ درویشی☆مشکوٰۃ شریف☆قدوری☆الملل والنحل☆شبستانِ رضا

سالانہ فاتحہ اولیائے نظامیہ الجامعہ

مریدین کو درج ذیل تاریخوں میں اپنے مشائخ کی فاتحہ کا گھریلو اور حلقہ جاتی سطح پر اہتمام کرنے کی تاکید ہے۔

نام ماہ	اِسم مبارک صاحبِ عرس	تاریخ
محرم الحرام	حضرت حسن بصری ؒ	5
محرم الحرام	بابا فرید الدین گنج شکرؒ	5
محرم الحرام	خواجہ فضیل ابن عیاض ؒ	7
محرم الحرام	حضرت شاہ علیم الدین نظامی ؒ	8
محرم الحرام	حضرت خواجہ ممشاد دینوری ؒ	14
صفر المظفر	حضرت محمود راجن چشتی ؒ	22
صفر المظفر	حضرت خواجہ علم الدین ؒ	26
صفر المظفر	حضرت علیم الدین چشتی ؒ	26
صفر المظفر	حضرت خواجہ عبد واحد بن زید ؒ	27
صفر المظفر	حضرت خواجہ یحییٰ مدنی ؒ	29
ربیع الاوّل	حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	12
ربیع الاوّل	حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی ؒ	14
ربیع الاوّل	حضرت خواجہ شاہ کلیم اللہ جہان آبادی ؒ	24
ربیع الاوّل	حضرت خواجہ شیخ محمد ؒ	29

تاریخ	اِسم مبارک صاحبِ عرس	نام ماہ
14	حضرت خواجہ ابواسحٰق شامیؒ	ربیع الثانی
17	حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء محبوب الٰہیؒ	ربیع الثانی
19	حضرت شاہ سمیع الدین نظامیؒ	ربیع الثانی
26	حضرت ناصر الدین یوسفؒ	ربیع الثانی
1	حضرت سراج الدین چشتیؒ	جمادی الاوّل
26	حضرت خواجہ شیخ ابراھیم ادھم بلخیؒ	جمادی الاوّل
1	حضرت ابی احمد ابدال چشتیؒ	جمادی الثانی
27	حضرت مولانا فخر الدین چشتیؒ	جمادی الثانی
1	حضرت خواجہ قطب مودود چشتیؒ	رجب المرجب
1	حضرت ابو محمد قطب ابدال چشتیؒ	رجب المرجب
3	حضرت ابو یوسف چشتیؒ	رجب المرجب
6	حضرت خواجہ غریب نوازؒ	رجب المرجب
13	حضرت حاجی شریف زندنیؒ	رجب المرجب
27	حضرت امام ابو یوسفؒ	رجب المرجب

نام ماہ	اِسم مبارک صاحبِ عرس	تاریخ
رمضان المبارک	حضرت حاجی لعل محمد چشتی ؒ	12
رمضان المبارک	حضرت چراغ دہلوی ؒ	18
شوال المکرّم	حضرت عثمان ہارونی ؒ	5
شوال المکرّم	حضرت شرف الدین یحییٰ منیری ؒ	5
شوال المکرّم	حضرت ہبیرہ بصری ؒ	7
شوال المکرّم	حضرت حذیفہ مرعشی ؒ	14
شوال المکرّم	حضرت امیر خسرو ؒ	17

ذیقعد	حضرت نظام الدین اورنگ آبادیؒ	12
ذیقعد	حضرت خواجہ کمال الدینؒ	27
ذیقعد	حضرت شیخ حسن محمدؒ	27
ذی الحجہ	حضرت جمال الدین جمن چشتیؒ	3
ذی الحجہ	حضرت خواجہ حسن نظامیؒ	18

شہادت کی انگلی کو اُسکے برابر والی انگلی اور انگوٹھے سے ملا کر دونوں بھوؤں کے بیچ میں رکھ کر آنکھیں بند کیجئے۔ زبان تالو سے لگائیں اور گہری سانس کھینچ کر مرشد کے دل سے اپنے دل کی طرف اللہ ھُو کی روشنی وصول کیجئے۔ (33 سانسیں)

شجرہ نظامیہ کے ساتھ منت ماننے کا طریقہ

☆ ۲ رکعت تحیۃ الوضو+۲ رکعت تہجد (سورۃ اخلاص ۱۱ مرتبہ+ آیت الکرسی ایک مرتبہ) ☆ درود چشتی...... (۱۰۰ مرتبہ) ☆ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ (۱۰۰ مرتبہ) ☆ شجرہ نظامیہ...... (۳ مرتبہ) ☆ پھر ۳ مرتبہ یہ دعاء:

یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ یَااَللّٰہُ ،یَارَحْمٰنُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ،
یَانُوْرُ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ ،یَابَدِیْعُ السَّمٰوٰاتِ
وَالْاَرْض،یَا اِلٰہَ الْاَوَّلِیْنَ الْاٰخِرِیْنَ.اِقْضِ حَاجَتِیْ بِحَقِّ
حَبِیْبِکَ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ مُحَمَّدٍ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ
وَالسَّلَامُ وَبِحَقِّ ھٰؤُلَآءِ الْاَوْلِیَآءِ الْکِرَامِ وَالصُّلَحَآءِ
الْعُظَّامِ عَلَیْہِ الرَّحْمَتُ وَالرِّضْوَانِ۔

☆ اب سجدے میں جا کر منت ماننے کی دعا کریں ''اے اللہ میں نے تیری نذر مانی کہ اس پریشانی سے بخیریت مجھے نکال دے۔تاکہ میں شکرانے میں روزانہ ۲ رکعت تہجد کا ثواب شجرہ نظامیہ کے ایک ایک ولی کو ایصال کروں اور تیرے نام کا صدقہ کروں'' ☆ کام ہوجانے پر ایک فطرہ بھر اناج یا ہفت دام (7 روپے) اللہ نام پر صدقہ کر کے بزرگانِ نظامیہ کو ثواب پہنچائیں۔

☆ **نوٹ**: یہ عمل 11 روز تک کریں۔ **وقت**: بعد ظہر یا تہجد۔